**07.04.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ......................اسلم بیگ

**Music**

---------------------------------

☆ سیاسی رہنما آسام، کیرالم اور پدوچیری میں ووٹروں کو لبھانے کی آخری کوششوں میں مصروف ہیں۔ چناؤ مہم آج شام ختم ہوجائے گی۔

☆ سینئر BJP رہنما اور وزیر داخلہ امت شاہ نے وعدہ کیا ہے کہ اگر BJP مغربی بنگال میں اقتدار میں آئی تو وہ سبھی دراندازوں کو واپس بھیج دے گی۔

☆ مغربی بنگال میں، چناؤ فہرستوں پر خصوصی تفصیلی نظرِ ثانی کے بعد 27 لاکھ سے زیادہ ووٹرس نااہل پائے گئے۔

☆ مرکز نے مائیگرینٹ مزدوروں کو روزانہ دیے جانے والے، پانچ کلوگرام کے، مفت کاروباری LPG سلینڈرس کی تعداد دوگنا کردی ہے۔

☆ سپریم کورٹ نے سبریمالا سمیت مذہبی مقامات پر خواتین کے داخلے کے معاملے کی سنوائی شروع کردی ہے۔

☆ مغربی ایشیا کی جنگ میں مزید شدت آگئی ہے کیونکہ اسرائیل نے ایران کے توانائی سے متعلق بنیادی ڈھانچے پر حملے کیے ہیں۔

☆ اور IPL کرکٹ میں، آج شام گوہاٹی میں راجستھان رایلس کا مقابلہ ممبئی انڈئنس سے ہوگا۔

----------------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

Campaigning Assmbly Polls

آسام، کیرالم اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقے پدوچیری میں اسمبلی انتخابات کیلئے چناؤ مہم آج شام ختم ہورہی ہے۔ مختلف سیاسی پارٹیوں کے اعلیٰ رہنما رائے دہندگان کا دِل جیتنے کیلئے ہر ممکن کوششیں کررہے ہیں۔ BJP کے سینئر رہنما اور مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ نے آج کہا کہ اگر مغربی بنگال میں BJP برسرِاقتدار آتی ہے تو سبھی دراندازوں کو واپس بھیج دیا جائے گا۔

آسام کے Patharkandi میں ایک چناؤ جلسے سے خطاب کرتے ہوئے، جناب شاہ نے الزام لگایا کہ کانگریس نے آسام کے Barak وادی میں دراندازوں کو پناہ دی۔

SB - 1400 - Amit Shah

انہوں نے یہ بھی کہا کہ کانگریس نے آسام کی Barak وادی کو نظرانداز کیا اور اس کی ترقی کیلئے کچھ بھی نہیں کیا۔ انہوں نے کہا کہ آسام کیلئے BJP کا ویژن ہے کہ ریاست میں یکسر تبدیلی لاکر، اِسے ملک کے دوسرے ترقی یافتہ خطوں کے برابر کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ آسام آئندہ پانچ برس میں ترقی کی نئی بلندیوں پر پہنچ جائے گا۔ انہوں نے BJP سرکار کی جانب سے کئے گئے اقدامات کا ذکر کیا، جن میں اہل افراد کو زمین پٹہ کی تقسیم اور Sribhumi میں ایک میڈیکل کالج کا قیام شامل ہے۔ جناب شاہ نے یقین دلایا کہ سِلچر کو ترقی دی جائے گی تاکہ لوگوں کو ضروری خدمات کیلئے گواہاٹی پر ہی انحصار نہ کرنا پڑے۔

کانگریس کے صدر ملک ارجن کھڑگے نے امید ظاہر کی ہے کہ کانگریس کی قیادت والا اتحاد آسام اسمبلی انتخابات میں 126 اسمبلی حلقوں میں سے 72 سے 73 سیٹیں جیتے گا۔

گواہاٹی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے، جناب کھڑگے نے آسام کے وزیرِ اعلیٰ ہیمنت بسوا سرما کی سخت تنقید کی اور الزام لگایا کہ وہ صرف اپنے کنبے کی ترقی کیلئے کام کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مرکز کو اِن الزامات کے بارے میں چھان بین کرنی چاہیئے کہ ہیمنت کی اہلیہ کے بیرونی ملکوں میں اثاثے ہیں اور اُن کے پاس تین ملکوں کے پاسپورٹ ہیں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ آسام کے سپوت Zubeen کو انصاف نہیں ملا۔

SB - Kharge

اُدھر کیرالم میں سیاسی پارٹیاں ووٹروں کو اپنی طرف راغب کرنے اور اُن کا دِل جیتنے کیلئے ریاست کے مختلف حصوں میں ریلیاں، روڈ شو اور عوامی جلسے کررہی ہیں۔

کانگریس کی سینئر رہنما پرینکا گاندھی واڈرا نے بھی آج صبح Kalpetta میں ایک چناؤ ریلی سے خطاب کیا۔ انہوں نے کیرالم میں LDF سرکار کی سخت تنقید کی اور الزام لگایا کہ LDF حکومت کے دوران لوگوں کے مسائل میں اضافہ ہوگیا ہے۔

پدوچیری میں BJP کے سینئر رہنما اور مرکزی وزیر جے پی نڈا، DMK رہنما اور تمل ناڈو کے نائب وزیرِ اعلیٰ Udhayanidhi Stalin اور Viduthalai Chiruthaigal Katchi کے رہنما Thol Thirumavalavan ایم پی اُن اہم رہنماؤں میں شامل ہیں، جو ریاست میں ریلیاں کررہے ہیں۔x

WB Voter List

مغربی بنگال میں، چناؤ کمیشن نے ووٹر فہرستوں کی خصوصی جامع نظرثانی SIR کے تحت عدالتی جانچ میں شامل ووٹروں کی مکمل فہرست جاری کر دی ہے۔ پہلی بار ضلع وار تفصیلات شائع کی گئی ہیں، جن میں ووٹروں کو اہل یا نااہل کے طور پر نشان زد کیا گیا ہے۔ خبروں کے مطابق 60 لاکھ سے زائد ناموں کی جانچ کی گئی۔ ان میں سے 32 لاکھ سے زیادہ رائے دہندگان کو اہل، جبکہ تقریباً 27 لاکھ کو نااہل قرار دیا گیا ہے۔x

Govt LPG Duble

حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ پانچ کلوگرام کے مفت تجارتی LPG سلنڈروں کی یومیہ فراہمی کو دوگنا کیا جائے، جو مختلف ریاستوں میں مائیگرنٹ مزدوروں میں تقسیم کئے جاتے ہیں۔ پٹرولیم اور قدرتی گیس کی وزارت کے سکریٹری ڈاکٹر نیرج مِتّل نے، اس سلسلے میں تمام ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے چیف سکریٹریوں کو خط لکھا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ پانچ کلوگرام کے LPG سلنڈر ریاستی حکومتوں اور ان کے خوراک و شہری رسدات کے محکموں کو فراہم کیے جائیں گے تاکہ انہیں صرف مائیگرنٹ مزدوروں تک پہنچایا جا سکے۔ اس کام میں تیل مارکیٹنگ کمپنیوں کا تعاون حاصل ہوگا۔

پٹرولیم کی وزارت نے کہا ہے کہ اضافی فراہمی کا تعین مائیگرنٹ مزدوروں کو فراہم کیے جانے والے سلنڈروں کی اوسط یومیہ سپلائی کی بنیاد پر کیا جائے گا۔ نظرثانی شدہ فراہمی مارچ میں مقرر کردہ 20 فیصد کی حد سے زیادہ ہوگی۔x

SC Sabrimala

سپریم کورٹ کی 9 ججوں پر مشتمل ایک بینچ نے آج اُن درخواستوں کی سنوائی شروع کی ہے، جن کا تعلق سبریمالا مندر اور مختلف عقائد میں مذہبی آزادی کی گنجائش سمیت، مذہبی مقامات پر خواتین کے خلاف، کچھ باتوں کو مبینہ طور پر غیر مجرمانہ قرار دینے سے ہے۔ چیف جسٹس سوریہ کانت کی قیادت والی اِس بینچ میں جسٹس بی وی ناگ رتنا، ایم ایم سُندریش، احسان الدین امان اللہ، اروندر کمار، George Masih Augustine ، Prasanna B Varale، آر مادھوَر اور جوائے مالا باگچی شامل ہیں۔

سنوائی سے پہلے مرکز نے کچھ تحریری دلائل پیش کیے تھے جن میں عدالت سے خاص طور پر کہا گیا تھا کہ وہ سبریمالا مندر میں اُن خواتین کے داخلے پر پابندی کو برقرار رکھے، جو ماہواری کی مدت میں ہیں۔x

West Asia

مغربی ایشیاء میں کشیدگی لگاتار بڑھ رہی ہے، کیونکہ اسرائیل نے کُل ایران کے، توانائی کے بنیادی ڈھانچے پر حملے کئے۔ اسرائیل نے Asaluyeh میں ایران کے جنوبی فارس گیس ذخیرے پر حملے کئے، جو ملک کا سب سے بڑا گیس ذخیرہ ہے۔ اس واقعے سے جوابی کارروائی اور توانائی کی عالمی سپلائی میں رکاوٹ کا اندیشہ پیدا ہوگیا ہے۔

میزائلوں کو سعودی عرب میں مار گرائے جانے، الجُبیل پر فائرنگ اور ایران کی توانائی تنصیبات پر حملوں سے مغربی ایشیا میں اہم بنیادی ڈھانچے کو لاحق خطرات اور خطے کے عدم استحکام میں وسعت آ جانے کے اندیشے میں اضافہ ہو گیا ہے۔ اسی دوران امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایک شدید تنبیہ جاری کی ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ اگر ایران نے آخری مدت ختم ہونے سے پہلے کوئی معاہدہ نہ کیا اور آبنائے ہرمز کو نہ کھولا، تو امریکہ ایک ہی رات میں ایران کو تباہ کردے گا۔صدر ٹرمپ نے، یہ آخری مدت، بھارتی وقت کے مطابق کل صبح ساڑھے سات بجے مقرر کی ہوئی ہے، کہ کوئی قابل قبول معاہدہ کرلیا جائے، جس سے خلیجی خطے سے توانائی کے آزادانہ گزر کو یقینی بنایا جاسکے۔×

Sauddi Arabia Missiles

سعودی عرب نے کہا ہے کہ اُس نے کُل دیر رات ایران کی طرف سے، مشرقی خطے کی جانب داغے گئے 7 بیلسٹک میزائلوں کو فضا میں ہی مار گرایا۔ اطلاع دی گئی ہے کہ اِن میزائلوں کا ملبہ، توانائی کی تنصیبات کے قریب ملا ہے۔ سعودی عرب کی دفاعی وزارت نے بتایا کہ اس بات کا اندازہ لگایا جارہا ہے کہ آیا کوئی نقصان تو نہیں ہوا ؟ میزائلوں کو مار گرانے کا یہ واقعہ مغربی ایشیاء میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے دوران پیش آیا ہے اور توانائی سے متعلق بنیادی ڈھانچے پر حملوں کی وجہ سے یہ اندیشے اُبھر رہے ہیں کہ کہیں اس کشیدگی میں اور زیادہ علاقائی وسعت نہ آ جائے۔×

Guru Tegh Bahdur PM

وزیرِ اعظم نریندر مودی اور وزیرِ داخلہ امت شاہ نے آج گرو تیغ بہادر جی کو، اُن کے پرکاش Purab کے موقع پر خراجِ عقیدت پیش کیا ہے۔

وزیرِ اعظم مودی نے انہیں ملک کی تہذیب کی ایک عظیم روحانی شخصیت قرار دیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں، جناب مودی نے کہا کہ گرو تیغ بہادر جی کی زندگی نڈر، قربانی اور انسانیت کیلئے اُن کی گہری فکر کی ایک درخشاں مثال ہے۔ وزیرِ اعظم نے کہا کہ گرو تیغ بہادر جی سخت ناموافق حالات میں بھی سچائی، وقار اور عقیدے کے دفاع کیلئے ڈٹے رہے۔ وزیرِ داخلہ نے کہا کہ ناانصافی اور ظالم حکمرانوں کے جبر اور بربریت کے خلاف کھڑے رہ کر گرو تیغ بہادر جی نے ہمدردی اور رحمدلی کی ایک مثال قائم کی ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ گرو صاحب کی زندگی کی داستان کو یاد کرنے سے دِل فخر سے بھر جاتا ہے۔x

World Health Day PM

آج دنیا بھر میں صحت کا عالمی دن منایا جارہا ہے تا کہ اچھی صحت سے متعلق طور طریقوں کے بارے میں بیداری پیدا کی جاسکے۔ اس موقع پر وزیرِ اعظم نریندر مودی، نائب صدرِ جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن اور صحت اور خاندانی بہبود کے وزیر جگت پرکاش نڈا نے، اُن تمام افراد کے تئیں تشکر کا اظہار کیا ہے، جو دوسروں کی خدمت کرنے کیلئے خود کو وقف کردیتے ہیں اور بہتر کرۂ ارض کیلئے انتھک کام کرتے ہیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں، جناب مودی نے ایک صحتمند معاشرے کی تعمیر کے تئیں اپنی حکومت کے عہد کا اعادہ کیا۔ انہوں نے ہر ایک سے زور دے کہا کہ حفظانِ صحت کے نظام کو مستحکم کرنے اور ہر شخص کی بہبود کو ترجیح دینے کیلئے ایک ساتھ مل کر کام کرنے کا سلسلہ جاری رکھیں۔x

PM Vietnam

وزیراعظم نریندر مودی نے جناب Lam کو، ویتنام کا صدر منتخب کیے جانے پر مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے اعتماد ظاہر کیا کہ جناب Lam کی قیادت میں بھارت اور ویتنام کے درمیان دیرینہ دوستی میں مزید اضافہ ہوگا اور یہ مزید استحکام تک پہنچے گی۔

وزیراعظم نے کہا کہ وہ خطے کے عوام کی ترقی اور خوشحالی کے لیے جامع اہم شراکتداری میں مزید گہرائی لانے کے مقصد سے اور زیادہ قریب رہ کر کام کرنے کے منتظر ہیں۔x

IPL Cricket Shooting

IPL کرکٹ میں آج شام ساڑھے سات بجے راجستھان رائلز کا مقابلہ ممبئی انڈینس سے ہوگا۔ راجستھان رائلز، پوائنٹس کے اعتبار سے فی الحال تیسرے نمبر پر ہے، جبکہ ممبئی انڈینس چھٹی پوزیشن پر ہے۔ رائل چیلنجرس بینگلورو کو دوسرا مقام حاصل ہے۔ ISSF رائفل اور پستول کے عالمی کپ میں بھارتی نشانے باز آج اسپین کے شہر گرینیڈا میں، مکسڈ ٹیم کے 10 میٹر ایئر رائفل اور 10 میٹر ایئر پسٹل مقابلے میں اپنی مہم کا آغاز کریں گے۔x

Farmers Welfare

زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ خوراک کی فراہمی اور کسانوں کی آمدنی میں اضافے کو یقینی بنانا، حکومت کی اعلیٰ ترجیحات ہیں۔ مرکزی وزیر آج جے پور میں منعقدہ علاقائی زرعی کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ زرعی شعبے کو مستحکم بنانے کے لئے ٹھوس اور کثیر رخی کوششیں کی جا رہی ہیں۔ انھوں نے زور دے کر کہا کہ کسانوں کو بااختیار اور خودکفیل بنانے کیلئے زراعت میں تنوع لازمی ہے۔ انھوں نے کہا کہ نئی ٹیکنالوجی کو اپنانا، زراعت کے نئے طور طریقوں کو آگے بڑھانا اور زراعت کے مربوط نظام پر توجہ دینا، وقت کی ضرورت ہے۔

جناب چوہان نے کہا کہ ماحول کا تحفظ کرنا اور زراعت کو آگے بڑھانا دونوں برابر کے اقدام ہیں۔

انھوں نے کہا کہ قدرتی زراعت کو اپنانے اور کیمیاوی کھادوں کے، بجا استعمال کو یقینی بنانے پر خصوصی توجہ دی جانی چاہیے۔ انھوں نے ریاستوں سے زور دے کر کہا کہ وہ کسانوں کے شناختی کارڈ، تیزی سے تیار کریں۔ انھوں نے کہا کہ اِس پہل سے کسانوں کو سرکاری اسکیموں کے فائدے، راست اور شفاف طریقے سے حاصل کرنے میں مدد ملے گی۔x

S/B Shivraj Chouhan

I&B BARC

اطلاعات ونشریات کی وزارت نے براڈ کاسٹ آڈیئنس ریسرچ کونسل BARC کو ہدایت دی کہ وہ خبروں کے ٹی وی چینلوں کیلئے ٹیلی ویژن درجہ بندی پوائنٹس TRPs کو ابھی مزید چار ہفتے تک جاری نہ کرے۔ یہ فیصلہ مغربی ایشیاء جنگ کے دوران کچھ نیوز چینلز کی طرف سے غیر ضروری طور پر سنسنی خیز اور قیاس آرائیوں پر مبنی مواد دکھائے جانے پر قابو پانے کے مقصد کیا گیا ہے۔

وزارت نے کہا کہ اس طرح کی خبریں دکھائے جانے سے عام لوگوں میں دہشت پھیلنے کا امکان ہے۔x

Assam Jagiroad Lac Profile

آسام میں جمعرات کے روز ایک ہی مرحلے میں تمام 126 اسمبلی سیٹوں میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔ Jagiroad اسمبلی حلقہ ریاست میں اہم سیاسی سیٹ ہے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

V/C Aminul

52 نمبر Jaggiroad اسمبلی حلقہ آسام کے 126 اسمبلی حلقوں میں سے ایک ہے۔ جہاں رائے دہندگان 9 اپریل کو اپنے حقِ رائے دہی کا استعمال کریں گے۔ Morigaon ضلعے میں Jaggiroad سیٹ اہم ہے۔ یہ زیادہ تر دیہی علاقوں پر مشتمل ہے۔ موجودہ اسمبلی انتخابات دو امیدوار چناؤ میدان میں ہیں۔ ریاست کے کابینی وزیر Pijush Hazarika کا مقابلہ کانگریس کے Bubul Das سے ہے۔

2023 کی ازسرِنو حلقہ بندی کے بعد Jaggiroad حلقے کی آبادی اور رقبے میں تبدیلی آئی ہے۔ بھارت کے چناؤ کمیشن کے مطابق اسمبلی حلقہ میں 2 لاکھ 51 ہزار سے زائد ووٹرس ہیں، جن میں ایک لاکھ 25 ہزار سے زیادہ مرد، ایک لاکھ 26 ہزار سے زیادہ خواتین اور 2 مخنث ووٹرس شامل ہیں۔

حلقے میں 335 مراکز پر ووٹ ڈالے جائیں گے۔ 2021 کے اسمبلی انتخابات میں اس سیٹ پر 4 امیدوار میدان میں تھے، جس میں BJP کے Pijush Hazarika کو جیت حال ہوئی تھی۔

امین الحق جوادر کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں...

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆